سوال

(197) بعد نماز فریضہ کامل درود شریف پڑھ کے اللھم انت السلام پڑھیں یا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

بعد نماز فریضہ کامل درود شریف پڑھ کے اللھم انت السلام پڑھیں۔ یا درود شریف ترک کر کے فقط اللھم انت السلام سے شروع کریں۔ درود شریف قبل پڑھنے کی ممانعت میں کوئی حدیث صحیح ہو تو بیان کریں۔ (خاکسار قاضی غلام محی الدین از کمبرلی سوتھ افریقہ)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اورادلہ مسنونہ کے لئے یہ طریق ہے۔ کہ جو ورد کسی مقام پر ثابت ہو رہی مسنون ہے۔ دوسرا نہیں۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے ایک شخص نے چھینک مار کر اللھم صلی علی محمد کہا تو ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا اس موقع کے لئے ہم کو درود نہیں سکھایا گیا ہے۔ اس روایت کے مطابق بعد نماز متصل وہی دعا پڑھنی چاہیے۔ جس کا ثبوت ملتا ہے۔ یعنی اللھم انت السلام درود کی فضیلت بجائے خود ہے۔ مگر وقت مناسب وہی ہے۔ جو بتلایا گیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 152

محدث فتویٰ